UVAS
UNIVERSITY OF VETERINARY AND ANIMAL SCIENCES LAHORE

# یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز، لاہور۔

## نوٹس برائے داخلہ لائیوسٹاک اسسٹنٹ ڈپلومہ (LAD) 2026

یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز (UVAS)، راوی کیمپس پتوکی اور اس سے الحاق شدہ درج ذیل اداروں میں لائیوسٹاک اسسٹنٹ ڈپلومہ (2026-2028) میں داخلہ کیلئے امیدواروں سے مجوزہ فارم پر صرف آن لائن درخواستیں مطلوب ہیں۔

| UVAS کے ذیلی ادارے | UVAS سے الحاق شدہ سرکاری ادارے |
|---|---|
| ادارہ فروغ تعلیم وتوسیع ڈی بلاک UVAS راوی کیمپس پتوکی (صبح و شام کلاسز) 0317-4558468 | لائیوسٹاک سروسز ٹریننگ سنٹر، بہادر نگر۔ اوکاڑہ 0333-6787718 |
| ادارہ فروغ تعلیم وتوسیع (ART Center)، UVAS لاہور (صبح و شام کلاسز) 0323-9997323 | لائیوسٹاک سروسز ٹریننگ سنٹر، شیخوپورہ 0331-8624142 |
| کالج آف ویٹرنری اینڈ انیمل سائنسز، جھنگ۔ CVAS (صبح و شام کلاسز) 0332-4747045 | گورنمنٹ لائیوسٹاک پیراویٹرنری سکول، کھیری مورت، اٹک 0300-8633942 |
| پیرا ویٹرنری انسٹیٹیوٹ، کروڑ لعل عیسن، لیہ (صبح وشام کلاسز) 0313-6723339 | گورنمنٹ لائیوسٹاک پیراویٹ سکول، رکھ غلاماں، بھکر 0333-4756571 |
| خان بہادر چوہدری مشتاق احمد کالج آف ویٹرنری اینڈ انیمل سائنسز نارووال (صبح و شام کلاسز) 0336-7134823 | گورنمنٹ لائیوسٹاک پیراویٹ سکول، ہارون آباد، بہاولنگر 0302-5015270 |
| | گورنمنٹ لائیوسٹاک پیراویٹ سکول، فاضل پور، راجن پور 0333-6440565 |

### داخلہ کی شرائط:

۱۔ صرف صوبہ پنجاب کا ڈومیسائل رکھنے والے اور صوبہ پنجاب کے کسی بھی تعلیمی بورڈ/فیڈرل بورڈ سے رواں سال / میٹرک نہم پاس امیدواران داخلہ فار جمع کروانے کے اہل تصور ہوں گے۔

۲۔ میٹرک یا اس کے مساوی (سالانہ اول امتحان 2026) کے نتیجہ کے منتظر امیدوار درخواست دینے کے اہل ہوں گے، بشرطیکہ انہوں نے نہم جماعت (سالانہ اول امتحان 2025) کے تمام مضامین کامیابی سے پاس کیے ہوں۔ نیز سائنس مضامین (فزکس، کیمسٹری، بیالوجی) کے ساتھ مجموعی طور پر 45 % نمبر ہونے چاہیں۔

۳۔ وہ امیدوار جو 2025 یا اس سے قبل میٹرک یا اس کے مساوی امتحان کامیابی سے پاس کر چکے ہیں، انکی اہلیت کا تعین انکے مکمل میٹرک کے نتائج کی بنیاد پر کیا جائے گا۔

۴۔ نتیجہ کے منتظر امیدواران کو عارضی (Provisional) بنیادوں پر داخلہ دیا جائے گا۔ تاہم داخلہ حاصل کرنے کے بعد ان کے لیے لازم ہوگا کہ وہ میٹرک یا اس کے مساوی سالانہ اول امتحان 2026 کامیابی سے پاس کریں، اور ان کا مجموعی نتیجہ LAD پروگرام کی مقررہ کم از کم اہلیت (45%) کے معیار پر پورا اترے۔ بصورت دیگر ان کا داخلہ منسوخ کر دیا جائے گا اور جمع شدہ فیس واپس نہیں کی جائے گی۔

۵۔ داخلے کیلئے عمر کی کوئی حد نہیں (تعلیم سب کیلئے) ۶۔ داخلہ صرف صوبہ پنجاب سے اوپن میرٹ کی بنیاد پر ہوگا۔ ۷۔ امیدواران مندرجہ ذیل اسناد کی تصدیق شدہ کاپی بمعہ پاسپورٹ سائز فوٹو وائٹ بیک گراؤنڈ کے ساتھ سکین کریں اور داخلہ فارم پر دی گئی مخصوص جگہ پر اپ لوڈ کریں۔

اسناد اور دیگر مطلوبہ کاغذات کی سافٹ کاپی PDF فارمیٹ اور فوٹو JPEG فارمیٹ میں ہونے چاہئیں۔ کسی PDF فائل اور فوٹو (JPEG) کا سائز 300KB سے زیادہ نہیں ہونا چاہیئے۔

(I) میٹرک سرٹیفکیٹ (2025 یا اس سے قبل)/ نہم کا سرٹیفکیٹ (رواں سال) (II) ڈومیسائل (III) قومی شناختی کارڈ یا ب فارم (IV) دوعدد پاسپورٹ سائز فوٹو (وائٹ بیک گراؤنڈ کے ساتھ)

۸۔ یونیورسٹی ہذا کے ملازمین کوٹہ پر داخلہ کے خواہشمند امیدواران UVAS لاہور، رجسٹرار آفس سے "یونیورسٹی ملازمت سرٹیفکیٹ" اور اقلیتی کوٹہ کیلئے مخصوص نشستوں پر داخلہ کے خواہشمند امیدواران متعلقہ مذہبی ادارے سے تصدیقی سرٹیفکیٹ کی PDF فائل (سائز 300 B) آن لائن اپ لوڈ کریں۔

۹۔ داخلہ فارم یونیورسٹی کی ویب سائٹ http://www.uvas.edu.pk پر آن لائن پُر کریں۔ ایک سنٹر کیلئے داخلہ فارم فیس مبلغ -/500 روپے ہے۔ ہر سنٹر اور صبح وشام کی کلاسسز کے لیے الگ الگ مزید -/500 روپے جمع کروانے ہونگے۔ ٹوٹل رقم کا چالان فارم ڈاؤن لوڈ کر کے بنک الفلاح کی کسی بھی برانچ میں جمع کروائے جاسکتے ہیں۔ رقم کی ادائیگی مندرجہ ذیل کسی بھی طریقے سے کی جاسکتی ہے۔

1۔ کسی بھی بینک کے کریڈٹ کارڈ (Credit Card) / ڈیبٹ کارڈ (Debit Card) 2۔ کسی بھی آن لائن بینکنگ/ڈیجیٹل ایپ سے بذریعہ ون لنک (1link) جمع شدہ رقم کا چالان فارم/رسید اپنے ریکارڈ کیلئے سنبھال کر رکھیں۔

۱۰۔ ن لا داخلہ فارم ادارہ ہٰذا ویب سائٹ http://www.uvas.edu.pk پر 08-07-2026 بروز بدھ سے دستیاب ہو۔

۱۱۔ آمیدواران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ داخلہ رجسٹریشن کے وقت اپنا ذاتی موبائل نمبر جو کسی دوسری موبائل کمپنی کے نیٹ ورک پر تبدیل نہ ہوا ور جی میل آن لائن داخلہ فارم پر درج کریں تا کہ داخلہ سے متعلق تمام ضروری معلومات بہم آپ تک پہنچتی رہیں۔ ۱۲۔ آن لائن داخلہ فارم جمع کرانے کی آخری تاریخ مورخہ 04-08-2026 بروز منگل تک ہے۔

۱۳۔ عارضی ماسٹر لسٹ مورخہ 11-08-2026 بروز منگل کو یونیورسٹی ویب سائٹ پر آویزاں کر دی جائے گی تا کہ تمام امیدواران اپنے کوائف کی غور سے پڑتال کر سکیں۔ امیدواران کسی غلطی کی صورت میں یونیورسٹی کی سائٹ پر تصحیح کیلئے دیئے گئے فارم پر اپنے کوائف کو مورخہ 15-08-2026 بروز ہفتہ تک درست کرواسکتے ہیں۔ ایسی صورت میں تصحیح شدہ PDF فارم ladadmission25@uvas.edu.pk کے ای میل ایڈریس پر متعلقہ تاریخ کے اندر بھجوایا جاسکتا ہے۔ مقررہ تاریخ کے بعد کوئی عذر قابلِ قبول نہ ہوگا۔ ۱۴۔ فائنل ماسٹر لسٹ مورخہ 18-08-2026 بروز منگل کو یونیورسٹی ویب سائٹ پر آویزاں کر دی جائے گی۔

### میرٹ لسٹوں اور متعلقہ میرٹ لسٹ کی فیس جمع کرانے کا شیڈول

| میرٹ لسٹ | میرٹ لسٹ آویزاں کرنے کی تاریخ | فیس جمع کروانے کی آخری تاریخ |
|---|---|---|
| پہلی میرٹ لسٹ | 20-08-2026 | 25-08-2026 |
| دوسری میرٹ لسٹ | 27-08-2026 | 01-09-2026 |
| تیسری میرٹ لسٹ | 03-09-2026 | 08-09-2026 |
| چوتھی میرٹ لسٹ | 10-09-2026 | 15-09-2026 |

نوٹ: کوٹہ کی تمام لسٹیں مورخہ **09-09-2026** بروز بدھ کو یونیورسٹی ویب سائٹ پر آویزاں کر دی جائیں گی۔

۱۵۔ یونیورسٹی ہٰذا امیدواران کو ان کے نام میرٹ لسٹ میں آنے پر انفرادی طور پر مطلع کرنے کی ذمہ دار نہ ہوگی۔ اس لیے امیدوار خود اپنے نام کو یونیورسٹی کی ویب سائٹ پر متعلقہ سنٹروں کے مطابق میرٹ لسٹ میں دیکھیں۔

۱۶۔ داخلہ ہونے کی صورت میں امیدواران اپنی فیس جمع کروانے کے بعد تمام دستاویزات کی تصدیق شدہ کاپیاں بمعہ چالان فارم/رسید متعلقہ سنٹر پر کلاسز کے اجراء کے دن یعنی مورخہ 23-09-2026 بروز بدھ کو جمع کروانے کے پابند ہوں گے۔

۱۷۔ طلباء کی رہائش کے لیے متعلقہ سنٹروں میں محدود نشستیں متعلقہ ادارے کے قوانین کے مطابق خالصتاً اوپن میرٹ کی بنیاد پر دستیاب ہونگی۔ ۱۸۔ ایک سے زائد سنٹروں کے انتخاب کی صورت میں، منتخب شدہ سنٹروں میں سے کسی بھی سنٹر پر امیدوار کا چناؤ خالصتاً میرٹ کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ ۱۹۔ داخلہ ہونے کی صورت میں دوسرے سنٹر میں مائیگریشن نہیں ہوگی۔ ۲۰۔ تمام سنٹرز پر کلاسسز کا آغاز مورخہ 23-09-2026 بروز بدھ سے ہوگا۔

مزید معلومات کیلئے مذکورہ فون نمبرز پر رابطہ کریں۔ 049-4427040, 0302-4325131, 0337-4888507, 0304-0047848 , 0308-9211025, 0300-7487121

ڈائریکٹر، ادارہ فروغ تعلیم وتوسیع یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز، راوی کیمپس، ڈی بلاک، پتوکی